نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

اقتصادی راہداری سے ملک کی زراعت کو غیر معمولی فائدہ پہنچے گا،سیکرٹری زراعت

یہ راہداری زرعی اجناس کی برآمدات میں اضافے کا اہم ذریعہ ثابت ہوگی

لاہور:07جنوری 2017 (   ) سیکرٹری زراعت پنجاب محمد محمود نے کہا ہے کہ اقتصادی راہداری زرعی اجناس کی برآمدات کا اہم ذریعہ ہوگی،زرعی ماہرین سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اقتصادی راہداری سے ملک کی زراعت کو غیر معمولی فائدہ پہنچے گا۔خدا تعالی نے ہمیں ہر اس سہولت سے نواز اہے جو زراعت کے لئے ضروری ہے اب یہ ہماری استعداد ہے کہ ہم قدرت کی فراہم کردہ سہولتوں سے کتنا فائدہ اٹھاتے ہیں۔ہم ٹھوس اور مربوط لائحہ عمل تشکیل دے کر اپنی مدآمدات میں غیر معمولی اضافہ کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ راہداری ملک کی ترقی اور خوشحالی کے لئے انتہائی اہم ہے۔ یہ راہداری زرعی اجناس کی برآمدات میں اضافے کا اہم ذریعہ ہوگی۔پنجاب زرعی صوبہ ہے اور یہاں پیدا ہونے والی زرعی اجناس کی دنیا بھر میں مانگ ہے۔بہتر حکمت عملی اختیار کر کے ہم اپنی زرعی اجناس کو بڑی تعداد میں برآمد کر سکتے ہیں ۔انہوں نے مزید کہا کہ کسانوں کو جدید سہولتیں فراہم کی جارہی ہیں تاکہ وہ اپنی پیداوار میں غیر معمولی اضافہ کر سکیں۔ہائی ٹیک میکانائزیشن سروسز سینٹر کا قیام اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔پنجاب کے ہر ضلع میں ہائی ٹیک میکانائزیشن سروسز سینٹر قائم کرنے سے کسان کو مشینری کی مرمت اور اوور ہالنگ کی سہولت میسر ہوگی۔کسانوں کو جدید ٹیکنالوجی سے روشناس کرائیں گے۔کسان کی ترقی سے ہی ملک کی ترقی ممکن ہے۔

☆☆☆